Press Release
پریس ریلیز

मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمنٹ ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی یونیورسٹی
گچی باؤلی٬ حیدرآباد 500 032۔تلنگانہ
فون وفیکس:040-23006606٬ 23006612-15 (1370)، ای میل:۔pro@manuu.edu.in, manuupro1@yahoo.com٬ویب سائٹ:www.manuu.ac.in

30/نومبر 2018

مانو میں معیارِ تعلیم پر طلبہ کی رائے جاننے کا منفرد نظام
اکتسابی ماحول کو بہتر بنانے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد اسلم پرویز کی پہل

حیدرآباد، 30/نومبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی نے معیار تعلیم کی بہتری کو یقینی بنانے کی سمت میں ایک اہم قدم اٹھاتے ہوئے تعلیم و تدریس پر طلبہ کی رائے جاننے کے لیے فیڈ بیک فارم متعارف کیا ہے۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، وائس چانسلر کی خصوصی دلچسپی اور معیارِ تعلیم میں بہتری کے لیے ان کی کوشش کے حصے کے طور پر اردو یونیورسٹی کو سارے ہندوستان کی مرکزی جامعات میں اس منفرد نظام کو سب سے پہلے متعارف کرنے کا اعزاز حاصل ہوا ہے۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز نے تدریس کے معیار اور اکتسابی ماحول میں بہتری کے لیے اس طریقہ کار کو متعارف کیا ہے۔ پروفیسر سید محمد حسیب الدین قادری، ڈائرکٹر داخلی معیار ضمانت سیل (آئی کیو اے سی) کے بموجب فیڈ بیک فارم جو مرکز برائے اطلاعاتی ٹیکنالوجی (سی آئی ٹی) کے تعاون سے تیار کیا گیا ہے طلبہ کے لیے انٹی گریٹیڈ یونیورسٹی مینجمنٹ سسٹم (آئی یو ایم ایس) ڈیش بورڈ پر دستیاب رہے گا۔ طلبہ کے لیے لازم ہے کہ وہ کورس مقاصد، کورس کے مواد، اساتذہ اور تدریسی وسائل کے متعلق اپنی رائے دیں جو کہ مخفی رکھی جائے گی۔

مانو ایمپلائز ویلفیئر اسوسئیشن کے انتخابات، شیخ محی الدین صدر منتخب

حیدرآباد، 30/نومبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی میں مانو ایمپلائز ویلفیر اسوسئیشن (میوا) کے انتخابات 28/نومبر اکتوبر کو انعقاد عمل میں آیا۔ ریٹرننگ آفیسر پروفیسر سید نجم الحسن کے مطابق جناب شیخ محی الدین (آئی ٹی آئی) صدر منتخب ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ جناب محمد امتیاز، نائب صدر؛ جناب تمیم الدین خواجہ، جنرل سکریٹری؛ جناب ایم اے نواز، جوائنٹ سکریٹری، جناب محمد سلیم، سکریٹری؛ جناب یوسف رضوی، آرگنائزنگ سکریٹری اور جناب رزاق شریف، خازن کے عہدے پر منتخب ہوئے۔ ان کے علاوہ محمد فخر عالم، محمد مجیب خان اور ایم اے قیوم بابا کا اراکین کے طور پر انتخاب عمل میں آیا۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، وائس چانسلر اور ڈاکٹر ایم اے سکندر، رجسٹرار نے فاتح اراکین کو مبارکباد دی۔ انتخابات کے انعقاد میں اراکین الیکشن کمیٹی ڈاکٹر علیم باشا، ڈاکٹر خواجہ معین الدین، جناب جمیل احمد، ڈاکٹر ایس عبدالطحٰہ نے تعاون کیا اور جناب محمد عبدالہادی ٹیکنیکل اسسٹنٹ تھے۔

اُردو یونیورسٹی میں قومی یکجہتی ہفتہ کا انعقاد

حیدرآباد، 30/نومبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی میں این ایس ایس کی جانب سے قومی یکجہتی ہفتہ کا 19 تا 25 نومبر انعقاد عمل میں آیا۔ اختتامی اجلاس میں مانو کے رجسٹرار ڈاکٹر ایم اے سکندر نے شرکت کی اور کہا کہ آپسی اتحاد ہی اس ملک کی اَصل شناخت ہے اور اسے قائم رکھنا آج کے نوجوانوں کی سب سے بڑی ذمہ داری ہے۔ ملک کے امن و سلامتی اس کی یکجہتی میں پنہاں ہے۔ آج کے نوجوانوں کو خاص طور پر اس مسئلہ پر غور کرنا چاہئے اور پر عزم ہو کر یکجہتی مشن کو آگے بڑھانا چاہئے۔ پروگرام میں موجود مانو فاصلاتی تعلیم کے ڈائریکٹر پروفیسر پی فضل الرحمٰن نے بھی قومی یکجہتی کی اہمیت کو سمجھاتے ہوئے اخوت و محبت کی بات کی۔ این ایس ایس کے پروگرام کو آرڈینٹر، شعبہ ماس کمیونکیشن کے اسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر محمد فریاد نے اس یکجہتی ہفتہ کے تحت آپسی یکجہتی کو قائم رکھنے کیلئے حلف دلایا اور طلبہ کے ساتھ حصہ باب علم تک مارچ میں حصہ لیا۔ اس پروگرام میں پوسٹر سازی کے ذریعہ آپسی بھائی چارہ کو فروغ دینے اور آپسی یکجہتی کو برقرار رکھنے کی اہمیت سے واقف کروایا گیا۔ پروگرام میں پوسٹر سازی میں حصہ لینے والے طلبہ میں سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔

اُردو یونیورسٹی فٹ بال ٹیم کی پانڈیچیری روانگی

حیدرآباد، 30/نومبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی کی طلبہ فٹ بال ٹیم 3 تا 11/دسمبر 2018 یونیورسٹی آف پانڈیچیری میں منعقد شدنی ساؤتھ زون انٹر یونیورسٹی فٹ بال ٹورنمنٹ 2018 میں حصہ لینے یکم دسمبر کو پانڈیچیری کے لیے روانہ ہوگی۔ اس سلسلہ میں نظامت جسمانی تعلیم اور کھیل کود کی جانب سے ان طلبہ میں کٹس کی تقسیم عمل میں آئی۔ پروفیسر شکیل احمد، سبکدوش پرو وائس چانسلر نے کہا کہ باہمی تعاون اور کھیل کا جذبہ کامیابی میں اہم رول ادا کرتا ہے۔ انہوں نے طلبہ کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی صلاحیتوں سے زیادہ سے زیادہ استفادہ کرتے ہوئے بہتر مظاہرہ کریں اور یونیورسٹی کا نام روشن کریں۔ پروفیسر ابوالکلام، صدر نشین، اسپورٹس مانیٹرنگ کمیٹی نے امید ظاہر کی کہ جس طرح تربیتی میچس میں طلبہ نے اچھا مظاہرہ کیا امید ہے کہ طلبہ اُسی طرح ٹورنمنٹ میں بھی مظاہرہ کریں گے۔ اسسٹنٹ ڈائرکٹر انچارج جناب محمد مجاہد علی نے کارروائی چلائی اور اسسٹنٹ ڈائرکٹر ڈی پی ای اینڈ ایس ڈاکٹر حبیب اللہ نے شکریہ ادا کیا۔ کوچ کم منیجر جناب سید مظفر علی کے ہمراہ عاکف نظیر، ہارون رشید، شاہد علی، انس ایم کے، محمد عمران خان، ازحد شمس، فرحان اختر، محمد رضوان خان، کامران صدیقی، فہید وی کے، محمد تبریز خان، واجد حسین میر، محمد ندیم خان، امان اللہ پی کے، گول کیپرس احمد فصیح، اور ظفر اقبال انصاری پڈوچیری روانہ ہوں گے۔

عابد عبدالواسع

پبلک ریلیشنز آفیسر

نوٹ:- خبر اور تصویر ای میل سے روانہ کی جارہی ہے۔